بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محترم المقام حضرت مفتی صاحب زرولی شیخ الحدیث والتفسیر احسن المدارس (کراچی)

را زالت شموس فیوضکم بارقة

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!   مزاج شریف

بندہ دو تین ہفتہ سے میاں شریف میڈیکل سٹی میں میاں نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر داخل علاج ہے۔ بعض امراض کا کچھ افاقہ ہے دعاؤں کی اشد ضرورت ہے خصوصی دعاؤں سے تعاون فرماویں۔ ظاہری بیماری کے حالات ایسے ہیں کہ جانبر ہونا مشکل ہے اب تو محض آپ جیسے مخلص احباب کی دعاؤں کا سہارا ہے اللہ تعالیٰ تو ہر چیز پر قادر ہیں۔

چناب نگر کا مع جدید اضافہ جات کمپوز شدہ نسخہ ارسال ہے اسمیں کچھ تازہ تبصرے اگر ان کا خلاصہ شائع ہو جائے تو مفید رہے گا اگر میری حیات میں یہ دوسرا ایڈیشن شائع ہو جائے تو مجھے خوشی ہوگی اور اگر اس کی رونمائی اور زریں اصول جدید کی آپ کی سرپرستی بھی کراچی یا لاہور ہو جائے تو مفید ہوگا اور اہمیت واضح ہو جائے گی۔

بر کریماں کارہا دشوار نیست

فقط والسلام

احقر

منظور احمد عفا اللہ عنہ

(حضرۃ والد گرامی مولانا منظور احمد چنیوٹی رحمۃ اللہ کی آخری تحریر جو انہوں نے اپنی وفات سے چند لمحات قبل شریف میڈیکل سٹی ہسپتال لاہور میں اپنی کتاب ''ربوہ سے چناب نگر تک'' کے دوسرے ایڈیشن اور اس کے اضافہ جات کے بعد شائع کرنے کے بارہ میں اپنے مہربان دوست مولانا مفتی زرولی خان صاحب مہتمم جامعہ عربیہ احسن العلوم کراچی کے نام تحریر فرمائی جو انکی وفات کے ایک ہفتہ بعد معہ جملہ اشیاء مولانا صفی اللہ صاحب کے ہاتھ ارسال کی جا رہی ہے انکی یہ تحریر مشن ختم نبوت سے والہانہ محبت اور اشاعت دین کی تڑپ کی واضح دلیل ہے اللہ تعالیٰ ہم سب کو ان کے مشن کی تکمیل کی ہمت اور توفیق عطا فرماویں۔ آمین ثم آمین)   محمد ثناء اللہ چنیوٹی